# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 07 November-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۷؍نومبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

- ☆ ریاستی اسمبلی انتخابات کیلئے سیاسی جماعتوں کی تشہیری مہم تیز۔
- ☆ مہاوِکاس آگھاڑی کے مشترکہ تشہیری جلسے میں کانگریس کے پانچ نکاتی منشور کا اجراء۔
- ☆ باصلاحیت طلباء کی مالی اعانت کیلئے پی ایم-وِدّیالکشمی اسکیم کو منظوری۔
- ☆ انتخابی نشان گھڑی عدالت میں زیرِ سماعت ہونے کا اعلان تمام اخبارات میں کرنے کا راشٹروادی کانگریس کو عدالتِ عظمیٰ کا حکم۔

اور۔۔۔☆ رائے دہندگان میں بیداری پیدا کرنے کیلئے مختلف اقدامات کا سلسلہ جاری۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ریاستی اسمبلی انتخابات کیلئے تشہیری مہم میں اب تیزی آگئی ہے اور مختلف جماعتوں کے اہم رہنماؤں کے عام جلسوں کا انعقاد عمل میں آرہا ہے۔ مہاوِکاس آگھاڑی کا مشترکہ اجتماع کل باندرہ۔کُرلا کمپلیکس میں منعقد ہوا۔ کانگریس صدر ملک ارجن کھرگے، لوک سبھا میں قائدِ حزبِ اختلاف راہل گاندھی، راشٹروادی شرد چندر پوار پارٹی کے سربراہ شرد پوار، شیوسینا اُدّھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے صدر اُدّھو ٹھاکرے اور مہاوِکاس آگھاڑی کی رُکن جماعتوں کے دیگر قائدین بھی اس جلسے میں شریک ہوئے۔ اسمبلی انتخابات کیلئے کانگریس کا پانچ نکاتی منشور بھی اس موقع پر جاری کیا گیا۔ خواتین کو ماہانہ تین ہزار روپئے مالی امداد دینے سے متعلق مہالکشمی یوجنا اور بے روزگاروں کو چار ہزار روپئے امداد دینے کے وعدے بھی اس میں شامل ہیں۔ اس اجتماع میں مہاوِکاس آگھاڑی کے رہنماؤں نے بی جے پی کی زیرِ قیادت قومی جمہوری اتحاد حکومت کی پالیسیوں اور پروگراموں پر سخت تنقید کی۔

***** ***** *****

اسی دوران کانگریس کے رہنماء راہل گاندھی نے کل صبح ناگپور میں ''سنویدھان سمّیلن'' میں بھی شرکت کی۔ اس پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ دستورِ ہند محض ایک کتاب نہیں بلکہ زندگی گذارنے کا ایک طریقہ اور ایک فلسفہ ہے۔ اس سے قبل انھوں نے ناگپور کی دِکشا بھومی ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر کی یادگار کا دورہ کر کے معمارِ آئین کو خراجِ عقیدت بھی پیش کیا۔

***** ***** *****

مہاراشٹر نونرمان سینا کے سربراہ راج ٹھاکرے نے کل لاتور ضلع کے رینا پور میں ایک انتخابی جلسے سے خطاب کیا۔ لاتور دیہی حلقۂ انتخاب سے مہاراشٹر نونرمان سینا کے امیدوار سنتوش ناگر گوجے کی تشہیر کیلئے یہ جلسہ منعقد کیا گیا تھا۔ اپنے خطاب میں راج ٹھاکرے نے کہا کہ ریاست کے مسائل کے حل کیلئے ایک بار اقتدار مہاراشٹر نونرمان سینا کے ہاتھ میں دیا جائے۔ مراٹھواڑہ میں ایم این ایس کے تشہیری اجتماع سے راج ٹھاکرے کا یہ پہلا خطاب تھا۔ اورنگ آباد مشرق حلقے سے مہایوتی کے امیدوار اتل ساوے نے کل بھارت نگر میں پدیاترا کر کے رائے دہندگان سے بات چیت کی۔

***** ***** *****

ممبئی کے ماہم اسمبلی حلقے میں مہایوتی کے امیدوار سدا سروَنکر اور مانخورد-شیواجی نگر حلقے کے امیدوار سریش پاٹل کی ریپبلکن پارٹی نے باضابطہ حمایت کا اعلان کیا ہے۔ پارٹی صدر اور مرکزی وزیرِ مملکت برائے سماجی انصاف رام داس آٹھولے نے کل یہ اطلاع دی۔ انھوں نے کہا کہ ریپبلکن کارکنوں کو ریاست میں اقتدار میں حصہ دلوانے کیلئے ریپبلکن پارٹی مہایوتی کی حمایت کررہی ہے۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات کے سلسلے میں رائے دہندگان میں بیداری پیدا کرنے کیلئے انتخابی کمیشن کی جانب سے آئندہ 8 نومبر سے موبائل وینس چلائی جائیں گی۔ ان وینس کے ذریعے رائے دہندگان میں بیداری پیدا کرنے سے متعلق معلومات دی جائیں گی۔ یہ گاڑیاں ریاست کے 15 اضلاع میں رائے دہی سے متعلق بیداری پیدا کرنے کیلئے کام کریں گی۔

***** ***** *****

ضابطۂ اخلاق کے نفاذ کے دوران ریاست بھر سے C-Vigil ایپ پر کُل دو ہزار 833 شکایات موصول ہوئی ہیں۔ جن میں سے 819 شکایات انتخابی کمیشن کے ذریعے نمٹائی جاچکی ہیں۔ چیف انتخابی افسر کے دفتر سے یہ اطلاع دی گئی۔ ریاست اور مرکزی حکومت کی ضابطے کے نفاذ کی ذمہ دار مشنریوں کی جانب سے کی گئی کارروائیوں میں بے قاعدہ پیسہ، شراب، منشیات اور قیمتی دھاتوں کی شکل میں مجموعی طور پر 218 کروڑ 78 لاکھ روپئے کی اشیاء ضبط کیے جانے کی اطلاع ذرائع نے دی ہے۔

***** ***** *****

سامعین! اسمبلی انتخابات کے سلسلے میں ''آڑھاوا وِدھان سبھا متدار سنگھا چا'' کے عنوان سے ایک پروگرام روزانہ شام سات بجکر 10 منٹ پر آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔ اس پروگرام میں آج آکولہ اور واشم ضلع کے حلقۂ انتخاب کا جائزہ آپ سماعت کرسکتے ہیں۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

باصلاحیت طلبہ کو مالی امداد دینے کیلئے مرکزی حکومت نے پی ایم-وِدیا لکشمی اسکیم کو منظوری دی ہے۔ مرکزی وزیر برائے اطلاعات ونشریات اشونی ویشنو نے کل ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ کل مرکزی کابینہ کے اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا۔ انھوں نے بتایا کہ معاشی کمزوری کے باعث ذہین طلبہ اعلیٰ تعلیم کے حصول سے محروم نہ رہیں' اس مقصد سے اہل طلبہ، بلاضمانت یہ قرض حاصل کرسکتے ہیں۔ انھوں نے مزید بتایا کہ فوڈ کارپوریشن آف انڈیا کیلئے سال 2024-25 میں 10 ہزار سات سو کروڑ روپئے کے شیئر کیپٹل کو بھی کابینہ نے منظوری دی۔ جس سے کارپوریشن کی کام کرنے کی صلاحیت میں اضافہ ہوگا۔

***** ***** *****

عدالتِ عظمیٰ نے راشٹروادی کانگریس اجیت پوار گروپ کو حکم دیا ہے کہ انتخابی نشان گھڑی کا معاملہ سرِ دست عدالت میں زیرِ سماعت ہونے سے متعلق آئندہ 36 گھنٹوں میں تمام اخبارات میں اعلان جاری کیا جائے۔ راشٹروادی کانگریس پارٹی کے دونوں گروپوں میں انتخابی نشان کے تنازعے پر کل عدالت میں سماعت ہوئی۔ سماعت کے دوران عدالت نے دونوں گروپوں کو مشورہ دیا کہ عین انتخابات کے وقت اپنی توانائی عدالتی تنازعات میں صرف کرنے کی بجائے تشہیری مہم چلانے پر لگائیں۔

***** ***** *****

قومی انتخابی کمیشن کے ڈپٹی کمشنر ہر دیش کمار نے انتخابی مشنریوں کو ہدایت کی ہے کہ انتخابی عمل کے دوران کوئی ابہام نہ رہے، اس بات کو انتخابی افسران یقینی بنائیں‘ نیز انتخابی عمل کی شفافیت کو سب سے زیادہ ترجیح دی جائے۔ چھترپتی سمبھا جی نگر‘ ناگپور اور امراوتی ڈویژن کے تمام حلقوں میں انتخابات کی تیاریوں کے جائزے کیلئے کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں منعقدہ ایک اجلاس سے وہ خطاب کررہے تھے۔ اجلاس میں ریاست کے چیف انتخابی افسر ایس چوکّ لنگم اور ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے بھی شرکت کی۔

***** ***** *****

اسمبلی انتخابات میں EVM ہیک کر کے فتح دلانے کا دعویٰ کرتے ہوئے ناسک کے شیوسینا اُدّھو باڑا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے امیدوار سے 42 لاکھ روپئے کا مطالبہ کرنے والے ایک شخص کو ناسک پولس نے گرفتار کرلیا ہے۔ اس شخص کا نام بھگوان سنگھ چوہان بتایا گیا ہے۔ ناسک وسطی اسمبلی حلقے کے امیدوار وسنت گیتے کے ممبئی ناکہ دفتر پر جا کر اس ملزم نے یہ مطالبہ کیا تھا۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع لائبریری آفیسر دفتر اور رُگن سیوا منڈل عام لائبریری کے مشترکہ تعاون سے رائے دہندگان میں بیداری پیدا کرنے کیلئے سیلفی پوائنٹ کا افتتاح کل میونسپل کمشنر ڈاکٹر مہیش کمار ڈوئی پھوڑے کے ہاتھوں عمل میں آیا۔ رائے دہندگان کو ترغیب دینے کیلئے ’’رائے دہی کی روشنائی لگی اُنگلی دکھائیں اور آنکھوں کی مفت جانچ کرائیں‘‘ یہ پروگرام چلایا جارہا ہے۔ اس موقع پر بڑے پیمانے پر عوام کو رائے دہی سے متعلق معلومات دی گئی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع میں معذور اور 85 برس سے زائد عمر کے شہریوں کیلئے آئندہ 13 نومبر سے گھر سے ووٹنگ کا عمل شروع ہورہا ہے۔ ضلع میں چار ہزار 424 ایسے رائے دہندگان ہیں۔ سلوڑ حلقے میں 13 تا 16 نومبر‘ پیٹھن - گنگا پور اور کنڑ حلقوں میں 15 تا 17 نومبر‘ پھلمبری میں 14 تا 17‘ اورنگ آباد وسطی اور مغربی حلقے میں 13 تا 15‘ اور اورنگ آباد مشرق میں 13 تا 18 اور ویجا پور حلقے میں 14 تا 16 نومبر کے دوران گھر سے رائے دہی کا یہ عمل ہوگا۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں :::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ ریاستی اسمبلی انتخابات کیلئے سیاسی جماعتوں کی تشہیری مہم تیز۔

☆ مہا وِکاس آگھاڑی کے مشترکہ تشہیری جلسے میں کانگریس کے پانچ نکاتی منشور کا اجراء۔

☆ باصلاحیت طلباء کی مالی اعانت کیلئے پی ایم - وِدّیا لکشمی اسکیم کو منظوری۔

☆ انتخابی نشان گھڑی عدالت میں زیرِ سماعت ہونے کا اعلان تمام اخبارات میں کرنے کا راشٹروادی کانگریس کو عدالتِ عظمیٰ کا حکم۔

اور۔۔۔☆ رائے دہندگان میں بیداری پیدا کرنے کیلئے مختلف اقدامات کا سلسلہ جاری۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل‘ پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****